مطالعۂ فیض کے مآخذات

ڈاکٹر طاہر تونسوی

مقتدرہ قومی زبان پاکستان

مطالعۂ فیض کے مآخذات

(اشاریہ)

ڈاکٹر طاہر تونسوی

مقتدرہ قومی زبان ☆ پاکستان
۲۰۱۱ء

سلسلہ مطبوعات مقتدرہ: ۵۳۰

عالمی معیاری کتاب نمبر ISBN ۹۷۸-۹۶۹-۴۷۴-۲۸۳-۰

☆

طبع اوّل ۲۰۱۱ء

تعداد ۳۰۰

قیمت .... ۱۷۰/= روپے

ترتیب و صفحہ بندی .... منظور احمد/فخر زمان

پروف خوانی .... حاجی غلام مہدی

طابع .... ایس ٹی پرنٹرز، راولپنڈی

اہتمام .... تجمل شاہ

ناشر .... **ڈاکٹر انوار احمد**

صدر نشین
مقتدرہ قومی زبان، ایوانِ اُردو،
پطرس بخاری روڈ، ایچ-۸/۴،
اسلام آباد، پاکستان۔
فون: ۰۵۱-۹۲۵۰۳۱۱-۱۳
فیکس: ۰۵۱-۹۲۵۰۳۱۰
ای میل: nlapak@apollo.net.pk
ahmadanwaar49yahoo.com

☆

پیش لفظ

علم وادب اور تحقیق وتنقید کی دنیا میں ایک مضطرب اور ہمہ وقت مصروف وجود کا نام ڈاکٹر طاہر تونسوی ہے۔ وہ اُردو اور سرائیکی زبان کے نامور محقق اور نقاد ہیں۔ صدر شعبہ اُردو، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد کے طور پر وہ اپنے شعبے کی تحقیقی سرگرمیوں اور مقتدرہ قومی زبان کے اشاعتی سلسلے کو مربوط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

یہ برس فیض احمد فیض کے حوالے سے نہ صرف یادگار تقاریب کا نظارہ کر رہا ہے بلکہ بے حد وقیع کتب و جرائد کو بھی فیض کی شخصیت، افکار اور تخلیقات سے منسوب اور مزین دیکھ رہا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ڈاکٹر طاہر تونسوی نے اس حوالے سے ایک ایسا اشاریہ مرتب کیا ہے جو فیض کے سلسلے میں تحقیق کرنے والے طالب علموں اور عالموں کے لیے یکساں مفید ہوگا۔

——————— ڈاکٹر انوار احمد

فہرست

☆ پیش لفظ............ ڈاکٹر انوار احمد ۳

☆ مقدمہ............ اُردو میں اشاریہ کی روایت ۷
اور مطالعۂ فیض کے مآخذات (آغاز تا حال)
ڈاکٹر طاہر تونسوی

☆ نگارشاتِ فیض ۴۵

☆ سوانحی حالات کے مآخذ ۴۷

☆ فیض پر اُردو تنقیدی کتب ۴۸

☆ تنقیدی کتب میں ذکرِ فیض ۱۰۹

☆ فیض پر انگریزی میں تنقیدی کتب اور تراجم ۱۱۸

☆ انگریزی تنقیدی کتب میں ذکرِ فیض ۱۲۷

☆ فیض پر انگریزی میں مضامین ۱۲۸

☆ رسائل کے فیض احمد فیض نمبر ۱۳۰

☆ دیگر رسائل ۱۶۰

☆ مکالمے ۱۸۵

☆ جامعاتی مقالات ۱۸۶

☆ انٹرنیٹ پر ذکرِ فیض ۱۸۸

☆............☆............☆

مقدمہ

اُردو میں اشاریہ کی روایت اور مطالعۂ فیض کے مآخذات (آغاز تا حال)

(۱)

انڈکس لاطینی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی نشان دہی کرنا (To pointout) ہے
لہٰذا انڈکس ایسی معلومات فراہم نہیں کرتا جن کو تلاش کرنے کی ضرورت ہو بلکہ یہ ان معلومات کے
بارے میں بتاتا ہے کہ کہاں سے مل سکتی ہیں۔ نیز اشاریہ صرف فہرست پرمبنی ہوتا ہے۔ یہ فہرست
مضامین، کتاب اور رسائل کے مضامین پر مشتمل ہوتی ہے۔

اے ایل اے گلوسری آف لائبریری ٹرمز میں اشاریے کی یہ تعریف بیان کی گئی ہے کہ
ناموں اور موضوعات کی ایک فہرست جو کسی ایک یا ایک سے زائد کتابوں میں درج ہو ان صفحات
کے نمبروں کے ساتھ جن پر ان کے بارے میں معلومات فراہم کی گئی ہوں۔

''کشاف اصطلاحاتِ کتب خانہ'' میں اشاریہ کی تعریف ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے
''کسی کتاب یا کتب میں مذکورہ مضامین، اشخاص، مقامات یا ناموں وغیرہ کی مفصل الفبائی یا
ابجدی فہرست ہے اور حوالہ صفحات جہاں اُنہیں استعمال کیا گیا ہو۔'' مختصر یہ کہ اشاریہ کتاب،
مضمون یا اندراج کی پوری جزئیات کی نشاندہی کرتا ہے اور اس کے ذریعے کم سے کم وقت میں
مطلوبہ مواد تک رہنمائی ہو جاتی ہے۔ اشاریہ کی اقسام حسبِ ذیل ہیں:

ا۔کتاب کااشاریہ(Index of Book)

اشاریہ کسی بھی کتاب کی افادیت کا باعث ہوتا ہے۔ یہ کتاب میں تحریرشدہ،عنوانات، ناموں،شہراورملکوں کی فہرست ہوتی ہے جسے حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیا جاتا ہے۔ ہر اصطلاح،عنوان اور نام کے سامنے اس کاصفحہ نمبر درج ہوتا ہے جس صفحہ پر یہ معلومات درج ہوتی ہیں۔مثال: ڈاکٹر انیس خورشید کی کتاب ''جدید کیٹلاگ سازی'' کا اشاریہ۲۲صفحات پر مشتمل ہے۔اسی طرح ڈاکٹرغنی الاکرم سبزواری کی کتاب ''درجہ بندی'' جلداوّل کا اشاریہ۱۶صفحات پر مشتمل ہے۔

۲۔لائبریری کیٹلاگ(Library Catalogue)

لائبریری کیٹلاگ بھی ایک قسم کا اشاریہ ہوتا ہے۔ ہر کیٹلاگ کارڈ جس پر کتاب کا طلب نمبر درج ہوتا ہے کتاب کی جگہ کی نشاندہی کرتا ہے۔کیٹلاگ کارڈ جس کتاب کا ہوتا ہے اس کتاب میں دی گئی معلومات کی مخصوص صفحات کی بھی نشاندہی ہوتی ہے۔مثال کے طور پر ہر کارڈ میں کتاب میں موجود کتابیات کی وضاحت لفظ کتابیات اورصفحات نمبر (کتابیات ص۹۲۔۱۰۰) کی جاتی ہے۔گویا کیٹلاگ کارڈ اشاریہ کا کام بھی کرتا ہے۔

مثال: ڈاکٹرمحمود حسین لائبریری میں قائداعظم پر کتابیں رمرتبہ محمد عادل عثمان،نسیم فاطمہ اورمحمد باسل عثمانی۔کراچی: ڈاکٹرمحمود حسین لائبریری، جامعہ کراچی، ۱۹۷۶ء، ۷۷+۷اص۔

۳۔کتابوں کےاشاریے(Index of Books)

کتابوں کی بعض فہرستیں کتابیات ہی نہیں ہوتیں بلکہ یہ اشاریہ بھی ہوتی ہیں کسی مخصوص موضوع پر شائع ہونے والی کتابوں کی جامع فہرست جس میں کتاب کی مکمل کتابیاتی معلومات فراہم کی گئی ہوں۔

مثال: اُردو میں سائنسی ادب کا اشاریہ/مرتبہ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، اسلام آباد:
مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۱ء، ص۲۳۴
اُردو میں بچوں کی کتابیں/مرتبہ قومی کتاب مرکز، لاہور: مرکز، ۱۹۶۵ء،
ص۱۶۷
اُردو میں زرعی کتب/مرتبہ زینت قاضی۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان،
۱۹۸۷ء، ص۹۴

۴۔ رسائل کے اشاریے (Periodical Indexes)

رسائل و جرائد کی جامع فہرست رسائل کا اشاریہ کہلاتی ہے۔ اس میں اندراج شدہ رسالے کے بارے میں مکمل تفصیل درج کی جاتی ہے۔ اس میں رسالہ میں نام، مقام اشاعت، ناشر، تاریخ اجرااول، سالانہ چندہ، مدیر یا مدیر اعلیٰ، اگر رسالہ کسی وجہ سے بند ہوا تو اس کی تفصیل، کسی نئے نام سے جاری ہوا تو اس کی تفصیل وغیرہ۔

مثال: پاکستان میں اُردو رسائل/مرتبہ رفیع الدین صدیقی۔ کراچی: ڈاکٹر محمود حسین
لائبریری، جامعہ کراچی، ۱۹۷۵ء، ۱۰روپیہ
پاکستان کے اُردو اخبارات و رسائل: کتابیات/مرتبہ محمود الحسن، اسلام آباد:
مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۵ء، ص۲۶۵
بچوں کے ماہانہ رسائل کا جائزہ/مرتبہ محمود افتخار کھوکر، محمد شاہد رفیع اور
عبدالعزیز خالد۔ اسلام آباد: دعوۃ اکیڈمی، ۱۹۸۷ء، ص۶۰
پاکستان کے منتخبہ ادبی اُردو رسائل کا تاریخی، تنقیدی و ادبی جائزہ/مرتبہ
شمشیر خان۔ کراچی: کتب خانہ آریہ مہر، ۱۹۷۰ء، ص۱۲۴

۵۔رسائل کے مضامین کا اشاریہ(Periodical Articles Index)

رسائل و جرائد میں شائع ہونے والے مضامین کی فہرستیں جن میں مضامین کی مکمل تفصیل درج کی گئی ہو۔ یہ فہرستیں دوطرح کی ہوتی ہیں ایک ایسی فہرست جوصرف ایک ہی رسالہ کے مضامین کا احاطہ کرتی ہودوسری ایسی فہرست جومختلف رسائل میں شائع ہونے والے مضامین پر مبنی ہو۔

مثال: اشاریہ ماہنامہ ترجمان القرآن ۱۹۳۲ء۔۱۹۷۶ءتک رمرتبہ نعیم الدین زبیر۔ کراچی: ادارۂ معارف اسلامی، ۱۹۶۵ء، ص۴۴۳

اشاریہ اُردو: سہ ماہی اُردو کا مصنف وار اشاریہ رمرتبہ سید سرفراز علی رضوی۔ کراچی: انجمن ترقی اُردو، پاکستان، ۱۹۷۶ء، ص۱۴۰

ذکر غالب ذکر عبدالحق رمرتبہ سحر انصاری۔ کراچی: ادارۂ یادگار غالب، ۱۹۷۱ء، ص۲۷

اشاریہ عبدالحق رمرتبہ ابن حسن قیصر۔ کراچی: انجمن پریس، ۱۹۶۳ء، ص۳۷۶۔

Europe: an index to periodical literature, 1970-1984/ by Shamim Zia. Islamabad: Area Study Centre for Europe, University of Karachi, 1985. p55

Index of Pakistan Library Bulletin: 1968-1994/ by R.A. Samdani. Karachi: L.P.B, 1996

۷۔اخباری مضامین کے اشاریے(Newspapers Articles Index)

اخبارات میں شائع ہونے والے مضامین بشمول اداریوں، اہم خبروں، کالموں پر مبنی جامع فہرست۔ اس اشاریہ کی بھی دوقسمیں ہوتی ہیں۔ ایک ایسی فہرست جوصرف ایک ہی اخبار کا احاطہ کرتی ہو۔ دوسری وہ فہرست جوایک سے زیادہ اخبارات کے مضامین پر مبنی ہو۔ اس اشاریہ

میں بنیاد کوئی بھی موضوع ہوتا ہے اور اس پر شائع ہونے والے مضامین، اداریوں، کالموں اور اہم خبروں کو ایک خاص ترتیب کے ساتھ مرتب کر دیا جاتا ہے۔ اس میں متعلقہ اخبار کا نام، تاریخ اشاعت، صفحہ نمبر اور خبر کی صورت میں کالم نمبر بھی درج کیا جاتا ہے۔

مثال: اشاریہ نوائے وقت: سیاسیات ہند اور مسلمانوں کی جدوجہدِ آزادی، ۱۹۴۴ء تا ۱۹۴۷ء/ مرتبہ پاکستان اسٹڈی سینٹر، لاہور: سینٹر، ۱۹۸۷ء، ص ۲۶

اخباری مضامین پر مبنی اشاریہ کی روایت کم پائی جاتی ہے البتہ ایک زمانے میں ''پاکستان پریس انڈکس'' شائع ہوا۔ لیکن کچھ عرصہ بعد ہی بند ہو گیا۔ بیرونِ ممالک شائع ہونے والے اشاریہ حسبِ ذیل ہیں:

1. New york time Index
2. The Newspaper Index
3. Time (London) Index of the Time

۸۔ موضوعی اشاریے (Subject Index)

موضوعی اشاریے سے مراد ایسے اشاریے ہیں جو کسی مخصوص موضوع پر شائع شدہ مواد کا احاطہ کرتے ہوں۔ ڈاکٹر نسیم فاطمہ نے موضوعی اشاریوں کی تین اقسام بیان کی ہیں:

الف۔ موضوع پر صرف کتب کا اشاریہ

ایک موضوع کی کتابوں کی فہرست اسے کتابیات بھی کہا جاتا ہے۔

مثال: کتابیات طب و صحت/ مرتبہ رئیس احمد صمدانی۔ کراچی: پاکستان ببلوگرافیکل ورکنگ گروپ، ۱۹۹۲ء، ۷۰ ص

ب۔ موضوع پر مضامین کا اشاریہ

ایک موضوع پر شائع ہونے والے مضامین کی باقاعدہ فہرست جو مختلف رسائل میں شائع ہوئے۔

مثال: ذکرِ غالب ذکر عبدالحق رمرتبہ سحر انصاری۔ادارۂ یادگارِ غالب، ۱۹۷۱ء، ص۲۷

ج۔ موضوع پر کُتب و مضامین پر مشتمل اشاریہ

ایک موضوع پر کتابوں اور مضامین کی با قاعدہ ترتیب شدہ فہرست۔ یہ عام طور پر کسی علمی و ادبی شخصیت کی اپنی تحریر شدہ مطبوعات اور اس پر لکھے جانے والی کتب و مضامین کا مجموعہ ہوتا ہے۔

مثال: ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی رمرتبہ ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ اسلام آباد: مقتدرہ قومی زبان، ۱۹۸۷ء، ص۳۱

ڈاکٹر جمیل جالبی: سوانحی کتابیات رمرتبہ نسیم فاطمہ۔لاہور: یونیورسل بکس، ۱۹۸۹ء، ص۲۴۸

د۔ شاعر کے کلام کا اشاریہ

کسی بھی شاعری کے کلام کا اشاریہ جس میں اس کی نظمیں، غزلیات، رباعیات اور اشعار کو ایک خاص ترتیب سے مرتب کیا جاتا ہے اُردو زبان میں اس قسم کے اشاریہ جات کی روایت بہت پہلے سے ملتی ہے اور کئی شاعروں کے کلام کے اشاریہ جات مرتب کیے گئے ہیں۔

مثال: اشاریہ کلامِ فیض رمرتبہ ڈاکٹر معین الدین عقیل۔کراچی: ادارۂ یادگارِ غالب، ۱۹۷۷ء، ص۱۳۶

اشاریہ کلامِ اقبال رمرتبہ محمد صدیق شبلی۔فیصل آباد: کتاب مرکز، ۱۹۷۷ء، ص۱۲۰

ترتیب کے اعتبار سے اشاریے کی اقسام

کسی بھی قسم کے اشاریے میں شامل اندراجات کی ترتیب ایک مشکل اور تکنیکی کام ہوتا

ہے۔ ترتیب کا عمل اشاریہ، کتابیات اور کیٹلاگ میں یکساں ہوتا ہے۔ اشاریہ میں شامل کیے جانے والے تمام موضوعات، سرخیاں، نام اور دیگر معلومات قابلِ رسائی عناصر (Access Points) کہلاتے ہیں۔ ان عناصر کی ترتیب کے اعتبار سے بھی اشاریے کی مختلف اقسام بیان کی گئی ہیں۔

ا۔ ابجدی اشاریہ (Alphabetical Index)

اشاریے میں شامل تمام قابلِ رسائی عناصر یعنی اشخاص کے نام، اداروں کے نام، عنوان، موضوع، جگہ اور اہم واقعات کی ترتیب حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہو۔ اس قسم کا اشاریہ ''ابجدی اشاریہ'' کہلاتا ہے۔ اسے خصوصی اشاریہ، تہجی اشاریہ اور الفبائی اشاریہ بھی کہا جاتا ہے۔ ابجدی ترتیب کے دو بنیادی طریقے ہیں ایک ''حرف بہ حرف'' دوسری ''لفظ بہ لفظ'' ترتیب۔

الف۔ حرف بہ حرف ترتیب (Letter by Letter Arrangement)

اس ترتیب میں تمام عناصر کی ترتیب میں ایک ایک حرف کی ترتیب پر سختی کے ساتھ عمل کیا جاتا ہے خواہ الفاظ میں ان کی ترتیب مختلف ہی کیوں نہ ہو۔

ب۔ لفظ بہ لفظ ترتیب (Word by Word Arrangement)

ترتیب پانے والے تمام عناصر لفظ بہ لفظ کی بنیاد پر ترتیب دیے جاتے ہیں، ترتیب کا طریقہ کار حرف بہ حرف ترتیب کے مقابلے میں زیادہ مناسب اور منطقی ہے کیونکہ اس ترتیب میں تمام عناصر اپنے ہجوں کے بجائے لفظ بہ لفظ ہجاوار ترتیب پاتے ہیں۔ ذیل میں دی گئی مثال سے حرف بہ حرف اور لفظ بہ لفظ ترتیب کی وضاحت ہوتی ہے۔

حرف بہ حرف	لفظ بہ لفظ
آب	آب
آبادان	آب پیا

آبادی	آبِ چشم
آب پیا	آبِ زم زم
آبِ چشم	آبِ مروريد
آبدار	آب وہوا
آبِ زم زم	آبادان
آبرو	آبادی
آ بگینہ	آبدار
آب مرور یدہ	آبرو
آبلہ پا	آ بگینہ
آبنوس	آبلہ پا
آب وہوا	آبنوس

☆☆☆

Word by Word	**Letter by Letter**
E.E.H.	Nazzreth
NY.P.D	N.E.H
Nazareth	Newyork
New England	New England
New Jersy	New Jersey
New York	Newman, John Henry
Nework	
Newman: John Heary	New Man, John Henry
New Man, John Henry	News
News	New York
	N.Y.P.D.

۲۔نسبتی اشاریہ(Relative Index)

نسبتی اشاریہ میں ہر عنوان کے مختلف پہلوؤں کو نمایاں کیا جاتا ہے تاکہ قاری کسی بھی عنوان کے ذیلی اور متعلقہ موضوعات کے بارے میں پڑھنا چاہے یا معلومات حاصل کرنا چاہے تو اسے ایک ہی جگہ تمام معلومات مل جائیں۔ اندراجات کی ترتیب ابجدی ہی ہوتی ہے۔ ڈیوی ڈیسیمل کلاسیفکیشن اسکیم کا اشاریہ نسبتی ہے۔

مثال: غنی الاکرم سبزواری کی کتاب ''درجہ بندی'' کا اشاریہ نسبتی ہے۔اس کے صفحہ۱۹۴سے ایک مثال:

پارچہ بافی ۱۵۵

پاکستان ۳۶،۹۹،۱۰۰،۱۲۲......

آبادی ۱۷۴

اعلیٰ تعلیم ۱۵۶

شماریات ۱۲۵

کتب خانے ۱۴۸......

کتب خانوں کی تاریخ ۱۳۵

قومی کتابیات ۱۲۲،۱۳۴

پاکستان لائبریری ایسوسی ایشن ۱۷۵،۱۷۶

پاکستانی علوم ۱۷۰

پاکستانی لائبریرین ۱۷۱

پاکستانی مواد ۱۴۲

پیرس ۷۶

سیاحت نامہ	۱۴۱
سفری رہبر	۱۴۲
پورفائبری	۲۶
شجرہ پورفائبری	۷۲
تاریخ الجبرا	۱۲۰

۳۔ موضوعی اشاریہ (Subject Index)

موضوعی اشاریہ میں تمام اندراجی عناصر کا اندراج مختلف موضوعی سرخیوں کے تحت کیا جاتا ہے۔ موضوعی سرخیاں ابجدی ترتیب میں ہوتی ہیں جبکہ ہر موضوعی سرخی کے تحت تمام اندراجات کی ترتیب بھی موضوعی ہوتی ہے۔ ''پاکستان لائبریری بلیٹن'' کا اشاریہ موضوعی ہے۔

۴۔ درجہ بندی اشاریہ (Classified Index)

درجہ بند ترتیب میں تمام اندراجی عناصر درجہ بندی اسکیم کی علامات کے تحت ترتیب پاتے ہیں۔ کتب خانہ کی کتب اپنی طلب نمبروں کے اعتبار سے شیلف پر رکھی ہوتی ہیں۔ یہی درجہ بند ترتیب ہے۔ کتب خانہ کا درجہ بند کیٹلاگ یا شیلف لسٹ کی ترتیب درجہ بند ہوتی ہے۔ ڈیوی ڈیسیمل کلاسیفکیشن اسکیم کے جدول کی ترتیب درجہ بند ہے۔ گویا اس ترتیب میں موضوعات کے لیے متعین درجہ بند نمبروں کو فوقیت دی جاتی ہے۔ مثال:

۳۰۰	سماجی علوم
۳۱۰	شماریات
۳۲۰	سیاسیات
۳۳۰	معاشیات
۳۴۰	قانون

۳۵۰	نظم عامہ
۳۶۰	سماجی تشخیصی وخدمات
۳۷۰	تعلیم
۳۸۰	تجارت
۳۹۰	رسم ورواج

اشاریہ کی اقسام بلحاظ ہیئت/اشکال (Forms of Index)

ہیئت یا صوری (Form) اعتبار سے اشاریہ کی حسبِ ذیل اقسام ہوتی ہیں:

۱۔ مطبوعہ یا کتابی اشاریے (Printed Index)

مطبوعہ یا کتابی اشاریے وہ تمام اشاریے ہوتے ہیں جو چھپے ہوئے اور کتابی صورت میں ہوں۔ کتابی اشاریوں کا زیادہ استعمال ہوتا ہے عام طور پر اس قسم کے اشاریوں کا ہی رواج ہے۔ یہ زیادہ قابلِ استعمال ہوتے ہیں، انہیں حوالہ کے لیے زیادہ عرصے تک رکھا جا سکتا ہے۔ حوالہ کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے لے جایا جا سکتا ہے۔ ہر وقت اپنے پاس رکھا جا سکتا ہے۔

۲۔ کارڈ اشاریے (Card Index)

کسی بھی قسم کے اشاریے کو اگر مخصوص قسم کے کارڈوں یا پرچیوں پر مرتب کیا جائے تو انہیں کارڈ اشاریے کہا جائے گا۔ اس قسم کے اشاریے عام طور پر کتب خانوں میں کیٹلاگ کارڈ کی مانند مرتب کیے جاتے ہیں۔ مثلاً کراچی میں غالب لائبریری میں ''ادب کا اشاریہ'' کارڈوں پر مرتب کیا گیا ہے۔ اسی طرح Pastic نے کراچی کے کتب خانوں میں موجود سائنسی رسائل کا یونین کیٹلاگ کارڈوں پر مرتب کیا۔

۳۔ کمپیوٹرائی اشاریے (Index on Computer)

کمپیوٹر پر کتابیات، کیٹلاگ کے علاوہ اشاریہ بھی ترتیب دیا جا سکتا ہے۔ یہ طریقہ کار جدید اور زیادہ مؤثر ہے۔ کمپوٹرائی اشاریہ سازی کا عمل ابھی ابتدائی مراحل میں ہے۔ کتابیات اور اشاریہ سازی کے لیے بھی کمپیوٹر سے استفادہ زیادہ مفید ثابت ہوا ہے۔

اشاریہ اور کتابیات میں فرق

اشاریہ اور کتابیات معلومات کے بہتے سمندر اور وسیع علمی سرمائے کی صرف نشاندہی کرتے ہیں۔ وسیع معنی میں دونوں فہرست کے معنی میں استعمال ہوتے ہیں لیکن کتابیات کتابوں کی باقاعدہ فہرست جبکہ اشاریہ فہرست مضامین کتاب اور رسائل و اخبارات، کتابیات کتابوں کی سائنس جبکہ اشاریہ مضامین کا آئینہ، کتابیات کتاب کی تفصیل اور تاریخ جبکہ اشاریہ مضمون کی تفصیل اور تاریخ صرف اندراجات کی صورت پیش کرتا ہے۔

کتابیات کسی موضوع یا شخصیت سے متعلق حوالہ جات کی فہرست ہوتی ہے جبکہ اشاریہ کسی کتاب، مجموعات، رسائل، مضامین، رسائل، اخبارات، مضامین اخبارات تک محدود ہوتا ہے اور یہ کہ اشاریہ جملہ معلومات یعنی نام، عنوان، جگہ شہر یا ملک، جزوی موضوعات، اصطلاحات، صفحات وغیرہ کی باضابطہ فہرست کا نام ہے جو حروفِ تہجی کے تحت مرتب ہو جبکہ کتابیات کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔ یہ انسانی تہذیبی ارتقا سے موجودہ دور تک کے تمام علمی سرمایہ پر محیط ہو سکتی ہے۔ یہ زمان و مکان، موضوع یا زبان سے آزاد ہوتی ہے۔ یہ عالمی، قومی، موضعی، تجارتی، مصنفی، منتخبہ، کتابیات الکتابیات ہوتی ہیں۔ یعنی موضوع، جگہ، وقت کے اعتبار سے بھی مرتب کی جا سکتی ہیں۔

ایک اعتبار سے اشاریہ کتابیات ہی کی ایک قسم ہے۔ اس فرق کے ساتھ یہ کتابیات سے مختلف ہے کہ یہ کیٹلاگ کی طرح معلومات یا دستاویزات کی جگہ کی نشاندہی کرتا ہے۔ کتاب کا اشاریہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ معلومات کتاب کے کس صفحہ پر درج ہیں۔ رسائل و

اخبارات کے مضامین کے اشاریے مضمون کے مصنف، عنوان کے علاوہ رسالے کے نام، جلد نمبر، شمارہ نمبر، تاریخ اشاعت اور صفحات نمبر کی نشاندہی کرتا ہے اور اس کا بنیادی مقصد کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مواد تک رہنمائی کرنا ہوتا ہے۔ اس کے برعکس کتابیات خواہ کسی بھی قسم کی ہو مواد یا دستاویز کا اندراج جملہ کتابیاتی معلومات کے ساتھ تو فراہم کرتی ہے لیکن اس بات کی نشاندہی نہیں کرتی کہ اندراج شدہ کتاب یا دستاویز کہاں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ گویا کتابیات مواد یا دستاویزات کا ریکارڈ ہوتا ہے جبکہ اشاریہ معلومات اور دستاویزات کو ریکارڈ کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے استعمال میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ گویا اشاریہ ایک رہنما کے فرائض بھی انجام دیتا ہے۔

کتابیات محقق کی علمی ضرورت کی رہینِ منت ہوتی ہے۔ یہ تحقیق کا نقطۂ آغاز ہوا کرتی ہے۔ محقق اپنی تحقیق کی ابتدا کتابیات کی تدوین سے کرتا ہے۔ اشاریہ مطلوبہ مواد کی نہ صرف نشاندہی کرتا ہے بلکہ مطلوبہ موضوع پر جدید دستاویزات اور معلومات کے حصول میں معاون ہوتا ہے۔

الغرض کتابیات وہ سائنس ہے جو کتابوں کی تفصیل بیان کرتی ہے۔ یہ ادب کی لغت ہے، یہ تہذیب وتمدن کا ریکارڈ ہے، یہ انسانی ترقی کو نسل درنسل منتقل کرنے کا ایک ذریعہ، کتاب ماضی کو حال سے اور حال کو مستقبل سے متعارف کرانے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ اشاریہ مضامین، معلومات اور دستاویزات تک رسائی کا فن ہے۔ یہ معلومات کا انسائیکلو پیڈیا ہے، لغت ہے اور گائیڈ ہے۔

یہ اقتباسات رئیس احمد صمدانی کی کتاب ''تعلیمی لائبریری سائنس''[۱] سے لیے گئے ہیں۔ اسی طرح ڈاکٹر رئیس احمد صمدانی اپنی کتاب ''یادوں کی مالا''[۲] میں ابنِ حسن قیصر کے بارے میں لکھتے ہوئے رقم طراز ہیں: ''اشاریہ سازی ایک اہم فن ہے جس کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کتاب کا اشاریہ کتاب کی اہمیت کا باعث بنتا ہے۔ رسائل اور جرائد کے اشاریے، رسائل و جرائد اور اخبارات میں شامل مضامین کے اشاریے، مصنّفین اور محققین کی ان

کے مطلوبہ مواد تک رسائی میں معاون ہوتے ہیں۔ پاکستان میں اُردو رسائل کی اشاریہ سازی میں ابنِ حسن قیصر کی خدمات قابلِ قدر ہیں۔ آپ نے اس اہم اور فنی کام کو عام کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ''افاداتِ نیاز'' کے عنوان سے علامہ نیاز فتح پوری پر اشاریہ مرتب کیا۔ یہ اشاریہ ۱۹۶۲ء میں شائع ہوا۔ یہ موضوعی اشاریہ علامہ نیاز فتح پوری پر مضامین، نظم و نثر، شائع شدہ ۱۹۳۹ء تا ۱۹۶۲ء یعنی ۲۳ سالوں کا احاطہ کرتا ہے۔ قیصر صاحب کا مرتب کردہ دوسرا اشاریہ بابائے اُردو مولوی عبدالحق پر ''اشاریہ عبدالحق'' کے عنوان سے ۱۹۶۲ء میں مرتب کیا، یہ اشاریہ عبدالحق کی تحریروں اور ان پر جو کچھ تحریر کیا گیا ان تمام تخلیقات کا احاطہ کرتا ہے۔ ''غالب نما'' کے عنوان سے قیصر صاحب نے ایک اور اہم اشاریہ مرتب کیا یہ ۱۹۶۹ء میں ادارۂ یادگارِ غالب نے شائع کیا۔ یہ توضیحی اشاریہ ہے۔ یعنی تخلیقات پر مختصر تبصرہ بھی کیا گیا ہے۔ غالب پر کتب و مضامین جو اُردو زبان کے رسائل و جرائد میں ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۹ء کے درمیان شائع ہوئے یہ اشاریہ ان تخلیقات کا احاطہ کرتا ہے۔ ان کے علاوہ آپ نے بے شمار کتب کے اشاریے بھی مرتب کیے۔ ان میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی کتاب ''تاریخ ادب اُردو'' کا اشاریہ بطور خاص قابلِ ذکر ہے۔

ان حوالوں سے جہاں اُردو میں اشاریہ سازی کا پتہ چلتا ہے اور اس کی فنی جہات نمایاں ہو کر سامنے آتی ہیں وہاں ان کی اہمیت اور افادیت کا اندازہ لگانا مشکل نہیں اس تناظر میں درج ذیل اقتباس اس کی روایت اور اس کی تاریخ کو بھی اُجاگر کرتا ہے:

> ''اُردو میں کتبِ حوالہ کے باب میں شبلی نعمانی کی اس خدمت کا اعتراف کھل کر کیا جانا چاہیے کہ موصوف ہی کی ہمت افزائی اور مشورے سے محمد سجاد مرزا نے ۱۹۲۳ء میں ''الفہرست'' کے نام سے اولین اُردو کتابیات تیار کی تھی۔ جسے حیدر آباد سے نظامِ دکن پریس نے چھاپا تھا۔ اس سمت دوسری پیش رفت مولوی عبدالحق کی جانب سے ہوئی جنھوں نے ۱۹۶۱ء میں انجمن ترقیٔ اُردو پاکستان سے قاموس الکتب کی پہلی جلد

شائع کی جو کلیتاً مذہب سے متعلق تھی۔ انجمن ہذا نے بعدازاں اس سلسلے کو آگے بڑھانے کی سعی بھی کی۔ آزاد ہندوستان کے پہلے وزیرِ تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کو بھی اس کام کی اہمیت کا احساس تھا جس کے ایماء پر کلکتہ میں نیشنل لائبریری کا قیام عمل میں آیا اور وہاں سے ''قومی کتابیات'' کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہوا لیکن اُردو کے ناشرین اور مطبعوں کی لاپروائی اور دیگر ناگزیر وجوہ سے اس کام میں جامعیت اور استناد پیدا نہیں ہوا۔''(۳)

ڈاکٹر جمیل اختر کی کتاب ''تنقید کے نئے اُفق''(۴) میں یوں تو کئی اہم موضوعات پر مضامین شامل ہیں تاہم اشاریہ سازی کے ضمن میں ان کے درج ذیل مقالات مفید بھی ہیں اور اہم بھی:

اُردو میں حوالہ جاتی کتب	(کتاب نما دہلی اپریل ۱۹۹۸ء)
اُردو میں رسائل کی اشاریہ سازی	سہ ماہی فکر و تحقیق نئی دہلی، جولائی تا دسمبر ۱۹۹۷ء
اُردو میں مخطوطات کی فہرست سازی	سہ ماہی فکر و تحقیق نئی دہلی، جولائی تا ستمبر ۱۹۹۸ء

اشاریہ سازی کے سلسلے میں قومی کونسل برائے فروغِ اُردو زبان نئی دہلی کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں جس کی وضاحتی کتابیات بائیسویں جلد ۱۹۹۹ء کا حوالہ گذشتہ اوراق میں آچکا ہے اور یہ سلسلہ لمحہ موجود تک جاری وساری ہے۔

ڈاکٹر جمیل اختر لکھتے ہیں۔ ''حوالہ جاتی کتب، اشاریے، وضاحتی کتابیات دراصل ذخیرۂ معلومات سے معلومات کی فراہمی کا وہ آسان اور سائنٹفک ذریعہ ہیں جس کی مدد سے ہم اپنے مشکل سے مشکل مرحلے کو بآسانی حل کر سکتے ہیں اور معلومات کے انبوہ ذخیرے سے اپنی مطلوبہ چیزوں تک منٹوں میں رسائی حاصل کر سکتے ہیں جو اس کے بغیر مہینوں اور برسوں میں بھی حاصل ہونی مشکل ہیں۔''(۵)

ڈاکٹر جمیل اختر کے محولہ بالا تین مضامین کے مطالعے سے اشاریہ سازی کی روایت کے

سلسلے میں جو مستند معلومات ملتی ہیں وہ اشاریہ سازی کی تاریخ کا منظر نامہ تشکیل دیتی ہیں چونکہ یہ تینوں مضامین ص ۱۸۱ تا ۲۵۰ تک محیط ہیں اور ان میں مباحث بھی شامل ہیں اس لیے ان سب کا اندراج ناقابلِ عمل ہے تاہم اشاریہ سازی کے کام کے سلسلے میں جو معلومات فراہم کی گئی ہیں اس کا تذکرہ ضروری ہے کہ اس سے ایک ارتقائی اور روایت سے جڑی صورتِ حال سامنے آجاتی ہے اس سلسلے میں مولانا شبلی اور مولوی عبدالحق کا حوالہ پہلے آچکا ہے۔

ڈاکٹر جمیل اختر کے بقول ''اس سلسلے میں ایک اہم نام عبدالعلیم نامی کا ہے انہوں نے ''ببلو گرافیا اُردو ڈراما'' مرتب کر کے حوالہ جاتی کتب کے ذخیرے میں اہم اضافہ کیا ہے۔ اس کی پہلی جلد ۱۹۶۷ء میں شائع ہوئی جس میں ۱۱۰۹ ڈراموں کی تفصیلات درج ہیں۔ ۱۹۷۰ء تک اس کی آٹھ جلدیں شائع ہو چکی تھیں۔'' (ص ۱۸۴) ڈاکٹر عطا خورشید نے ''ہندومت ایک جامع اُردو ببلوگرافی'' کے نام سے تیار کی۔ سنٹرل ریفرنس لائبریری کلکتہ (نیشنل لائبریری) نے ۱۹۸۷ء سے فہرست سازی کا کام شروع کیا جس میں اُردو میں شائع ہونے والی مختلف علوم وفنون کی کتابوں کی فہرست مع تفصیلات ہوتی ہیں یہ سلسلہ اب تک جاری ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر گوپی چند نارنگ نے ترقی اُردو بیورو کے تحت وضاحتی کتابیات کا سلسلہ ۱۹۷۶ء میں شروع کیا تھا اور اب تک اس کی بائیس جلدیں شائع ہو چکی ہیں جن میں ۱۹۹۹ء تک کی کتب کا اندراج ہے۔ (اس کا حوالہ پہلے آچکا ہے) اب یہ سلسلہ بند ہو گیا ہے۔

ان کے علاوہ ہندوستان میں کچھ موضوعات پر بھی کام ہوئے ہیں اور ان کے اشاریے تیار کیے گئے ہیں۔ فاطمہ راجا نے ''اُردو فکشن کی وضاحتی فہرست'' تیار کی ہے۔ جو ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۷ء تک شائع ہونے والے ناولوں، افسانوی مجموعوں اور افسانوی تراجم پر محیط ہے۔ اس میں ناولوں اور افسانوں کی تمام قسموں کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ فہرست اگرچہ مختصر ہے اور اس میں اس مدت میں شائع ہونے والی تمام فکشن کتب شامل بھی نہیں ہیں پھر بھی یہ کتاب ریسرچر کو ایک عمدہ ببلوگرافی فراہم کرتی ہے اور افادیت سے بھرپور ہے۔ ''ترقی پسند ادب۔۔۔ وضاحتی کتابیات''

کو ڈاکٹر ارتضٰی کریم اور ڈاکٹر توقیر احمد خاں نے مل کر مرتب کیا ہے۔''آزاد غزل کا اشاریہ'' مظہر امام نے مرتب کیا ہے۔اسی طرح ڈاکٹر فہمیدہ بیگم نے اُردو مثنوی پر کام کیا ہے۔انہوں نے اُردو کی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ مثنویوں کی تفصیلات جمع کی ہیں۔ان کی کتاب ''کتابیات اُردو مثنوی'' (۱۹۸۱ء) میں ۲۵۲ مثنوی نگاروں کی تقریباً پانچ سو مثنویوں کی تفصیلات مع لائبریری کیٹلاگ کے درج ہیں۔ڈاکٹر محمد علی اثر نے دکنیات کو موضوع بنایا ہے اور ''دکنی اور دکنیات'' (۱۹۸۲ء) کے نام سے کتابوں کی وضاحتی فہرست تیار کی ہے۔یہ دونوں فہرستیں ۸۲۔۱۹۸۱ء میں شائع ہوئی ہیں۔

تنقیدی مضامین پر مشتمل ایک اشاریہ ''اشاریہ تنقید'' کے نام سے پروفیسر عتیق احمد صدیقی نے مرتب کیا ہے۔یہ اشاریہ ۱۸۴ مصنّفین کی ۲۸۸ تنقیدی مجموعوں کے مضامین پر مشتمل ہے۔ان مضامین کو مختلف موضوعات کے تحت موضوع وار تقسیم کر کے درج کیا گیا ہے۔ہر موضوع کے ذیل میں مصنّفین کے ناموں کی الفبائی ترتیب دی گئی ہے۔ہر مقالے کے سامنے اس کتاب کا نام درج ہے جس میں وہ مقالہ شامل ہے۔اس طرح مطلوبہ مواد تک متلاشی کی رسائی بآسانی ہو سکتی ہے۔ اس کتاب میں پچاس موضوعات قائم کیے گئے ہیں جس کے تحت ۲۸۸ کتابوں کے مقالات کو ترتیب دے دیا گیا ہے۔اگرچہ مرتب کا کہنا ہے کہ ۱۹۸۵ء تک شائع ہونے والے تمام تنقیدی مجموعوں کو شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔میرے خیال میں یہ دعویٰ مبنی بر حقیقت نہیں ہے۔ ۱۹۸۵ء تک شائع ہونے والی تنقیدی مجموعوں کی تعداد شاید صرف اتنی ہی ہو۔ورنہ یہ تعداد ہندو پاک کو ملا کر کئی گنا زیادہ ہوگی۔اگر اس کام کو مزید وسعت دے کر تمام تنقیدی مجموعوں کی مدد سے اس اشاریہ کو دوبارہ مرتب کیا جائے تو یہ ایک بہت بڑا کارنامہ ہوگا اور محقق کے لیے ایک بڑی نعمت، ویسے افادیت کے لحاظ سے یہ مختصر اشاریہ بھی اپنی جگہ بے حد مفید ہے اور قدر کی نگاہ سے دیکھے جانے کے لائق ہے۔

قاموس الادب، کے نام سے ایک کتاب جالب مظاہری نے مرتب کی ہے۔ادھر شخصیات پر بھی چند اچھے اشاریے تیار ہوئے ہیں۔کچھ تو کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں اور

کچھ مختلف رسائل میں شائع ہوئے ہیں۔ یہ اشاریے غالب، اقبال، پریم چند اور مولانا آزاد، قاضی عبدالودود اور مختارالدین احمد آرزو پر شائع ہوئے ہیں۔ غالب پر نثار احمد فاروقی، ڈاکٹر انصاراللہ نظر، ڈاکٹر عبدالقوی دسنوی اور ابن قیصر، اقبال پر عبدالقوی دسنوی نے اشاریے تیار کیے ہیں۔ ابوالکلام آزاد، قاضی عبدالودود اور مختارالدین احمد آرزو پر عطا خورشید نے اشاریے تیار کیے جو کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔ ''قاموس الاقبال'' کے نام سے عبدالجبار شاکر نے ایک کتاب مرتب کی ہے۔ جس میں اقبالیات پر شائع ہونے والی کتابوں کی فہرست ہے۔ ''علامہ محمد اقبال'' محمود الحسن نے اور ''کلید اقبال'' نذیر احمد ملک نے مرتب کیا ہے۔ جامعات میں اقبال کا تحقیقی اور تنقیدی مطالعہ کا معین الرحمٰن نے جائزہ لیا ہے۔ کتابیات اقبال کے نام سے ایک کتاب رفیع الدین ہاشمی نے بھی مرتب کی ہے۔ انہوں نے اقبالیات کے مختلف عنوان کے تحت اب تک پانچ جلدیں مرتب کی ہیں جو اس طرح ہیں:

۱۔ کتابیات اقبال (۱۹۷۷ء) ۲۔ ۱۹۸۵ء کی اقبالیاتی کتابیات (۱۹۸۶ء)

۳۔ ۱۹۸۶ء کا اقبالیاتی ادب (۱۹۸۸ء) ۴۔ اقبالیاتی جائزے

۵۔ اقبالیات کے تین سال (۱۹۹۳ء)

رفیع الدین ہاشمی اس موضوع پر مستقل کام کر رہے ہیں۔ ۱۹۹۳ء کے بعد کی کتابوں کا علم نہیں ہو سکا ہے لیکن شائع ضرور ہوئی ہوں گی۔

اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ ہندوستان میں مختلف موضوعات پر کتابوں کی فہرست سازی کا کام کسی منصوبہ بند طریقے سے ابھی تک نہیں ہو سکا ہے اور نہ ہی حوالہ جاتی کتب کی تیاری کی طرف کوئی سنجیدہ کوشش کی گئی ہے۔ ایک تو اس ملک میں اس طرح کے اہم اور مفید کام کی طرف توجہ بہت تاخیر سے کی گئی۔ اس کے باوجود اس سمت میں کوئی خاطر خواہ پیش رفت نہیں ہو پا رہی ہے۔ ہر محقق اور ناقد اس کی ضرورت محسوس تو کرتا ہے لیکن اس کام کے لیے کوئی بھی اپنے آپ کو جوکھم میں ڈالنا نہیں چاہتا۔ جب کہ تحقیقی کاموں کے سلسلے میں وضاحتی فہرستوں اور حوالہ جاتی

کتب کی جس قدر ضرورت ہوتی ہے اس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ ان کی حیثیت بنیادی ٹولز (Tools) کی ہے۔ کسی بھی موضوع پر تحقیق کرنے کے لیے ضروری ہے کہ اس موضوع پر موجود تمام مواد محقق کے پیشِ نظر رہے۔ تب ہی صحت مند اور معتبر تحقیق کا فریضہ انجام دیا جاسکتا ہے اور اس سمت میں ہماری بہتر رہنمائی حوالہ جاتی کتب اور اشاریے اور وضاحتی کتابیات کی فہرست سازی کا کام ایک خاص منصوبے کے تحت منظم طریقے سے کیا جائے۔ تاکہ اس سائنٹفک دور میں ہم تحقیق کی ضروریات اور مطلوبہ معیار کو پورا کرنے کے اہل ہوسکیں۔

ہندوستان کی بہ نسبت پاکستان میں اشاریہ سازی کی طرف زیادہ توجہ دی گئی ہے اور بہت بڑے پیمانے پر یہاں یہ کام انجام دیا گیا ہے۔ ہر موضوع پر الگ الگ ببلوگرافیاں تیار کی گئی ہیں۔ نیشنل بک سنٹر آف پاکستان نے ۷۳۔۱۹۷۲ء میں عالمی سال کتاب منایا۔ اسی موقع پر مختلف موضوعات کے تحت پاکستان میں شائع ہونے والی تمام کتابوں کی ببلوگرافیوں کا بھی ایک جامع منصوبہ بنایا گیا اور ہر موضوع پر الگ الگ ببلوگرافی تیار کی گئی۔ اس منصوبے کے تحت پاکستان میں اب تک مندرجہ ذیل موضوعات پر ببلوگرافیاں تیار کی جاچکی ہیں جو اپنے آپ میں ایک ریکارڈ ہیں۔

تنقید اور تاریخ ادب، شاعری کی کتابیں، تاریخ کی کتابیں، سیرت رسولؐ، بچوں کی کتابیں، سائنس، انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی، زراعت مرغبانی مویشیات، پنجابی کتابیں، بلوچی و براہوئی کتابیں، پشتو کتابیں، فارسی کتابیں، عربی کتابیں، سندھی کتابیں، تاریخ، سوانح، ناول، افسانہ ڈرامہ، خلفائے راشدین، ہنر اور پیشے، قرآن وحدیث وتفسیر، پاکستان میں عادات مطالعہ، فقہ تصوف، مباحث، علمی کتابیں اول ودوم، طبی کتابیں، حوالہ جاتی کتابیں، ارکان واصول اسلام، پشتو شاعروں کی ڈائریکٹری کے علاوہ انگریزی میں سولہ ببلوگرافیاں اور ڈائریکٹریاں تیار کرائی گئی ہیں۔

''مقتدرہ قومی زبان'' پاکستان نے بھی حوالہ جاتی امور کی طرف خصوصی توجہ دی ہے اور اپنے مخصوص منصوبوں کے تحت مختلف موضوعات پر حوالہ جاتی کتب شائع کی ہیں۔ مقتدرہ کی جانب سے اب تک درج ذیل حوالہ جاتی کتب شائع ہوکر منظر عام پر آچکی ہیں:

کتابیات قواعد اُردو، کتابیات اُردو املا اور دوسرے مسائل، کتابیات اُردو تفاسیر، اُردو میں زرعی کتب، کتابیات اُردو مطبوعات ۱۹۸۳ء، ۸۴، ۸۵، قرآن کریم کے اُردو تراجم (کتابیات) کتابیات تراجم اول دوم، کتابیات اُردو، فارسی اصطلاحات سازی، کتابیات تعلیم، کتابیات قانونِ اُردو، احادیث کے اُردو تراجم، کتابیات پاکستان کے اُردو اخبارات و رسائل، پاکستان کے اُردو اخبارات و رسائل، اول دوم، پاکستان میں مخطوطات کی فہرستیں، فہرست کتابیات اسلام، اُردو میں سائنسی ادب کا اشاریہ، ہمارے کتب خانے، کتابیات لغات اُردو۔

درج بالا فہرستوں سے آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ پاکستان کے اُردو اداروں نے اس طرف کتنی منصوبہ بند کوشش کی ہے۔ جس کے نتیجے میں اُردو کے حوالہ جاتی ذخیرے میں نہ صرف بیش قیمت اضافہ ہوا ہے بلکہ تحقیق کے طالب علموں کے لیے آسانیاں بھی فراہم ہوئی ہیں۔

نیشنل بک سنٹر آف پاکستان اور مقتدرہ قومی زبان دونوں ہی نے جس منظّم اور منصوبہ بند طریقے سے اس کام کو کیا ہے وہ لائقِ تحسین ہے اور دوسرے اداروں کے لیے مشعلِ راہ، ان اداروں کی منظّم اور منصوبہ بند کوششوں سے اس سمت میں جو پیش رفت ہوئی ہے اس نے حوالہ جاتی کتب سے اُردو کے دامن کو مالا مال کیا ہے۔ اب بھی ایسے بہت سے موضوعات و مضامین ہیں جن پر اس طرح کا کام کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ کام ایک پیش رفت ضرور ہے لیکن اسی پر اکتفا کر لینا مناسب نہیں، بلکہ نئے نئے موضوعات پر اسی طرح کام کرنے کی ضرورت ہے۔ کام کی افادیت اس کے انجام پانے کے بعد ہی واضح ہو کر سامنے آتی ہے۔ درج بالا حوالہ جاتی کتب میں بہت سے ایسے موضوعات ہیں جن کی طرف عام آدمی کا ذہن کبھی جاتا بھی نہیں۔ لیکن آپ ان حوالہ جاتی کتب کا مطالعہ کریں تو حیرت انگیز انکشافات ہوں گے اور آپ حیرت زدہ رہ جائیں گے کہ اُردو میں کن کن موضوعات پر کتابیں موجود ہیں اور ہمیں ان کی معلومات بھی نہیں۔ مثال کے لیے میں صرف ایک موضوع پر ترتیب دی گئی دو کتابوں کا ذکر کر دینا مناسب سمجھتا ہوں جو سائنسی ادب سے متعلق ہیں تاکہ قارئین کو اس کی افادیت کا صحیح اندازہ ہو سکے۔

''اُردو میں سائنسی ادب'' کے نام سے ایک کتاب حمید الدین شاہد کی ۱۹۶۹ء میں باب الاسلام پریس کراچی سے شائع ہوئی ہے۔ سائنسی ادب کے اشاریے کی یہ پہلی کتاب ہے۔ اس میں ادوار کی تقسیم کر کے کتابوں اور رسائل کی فہرست دی گئی ہے۔ پہلا دور (۱۸۳۲ء۔۱۵۹۱ء)، دوسرا دور (۱۸۷۷ء۔۱۸۳۳ء) اور تیسرا دور (۱۸۵۳ء۔۱۸۳۳ء)، چوتھا دور دہلی کالج (۱۸۵۷ء۔۱۸۴۱ء)، پانچواں دور سائنٹفک سوسائٹی علی گڑھ کے اخبارات و رسائل کا جائزہ اور فہرست ہے۔ پھر (۱۹۴۳ء تا ۱۹۰۰ء) تک کی گئی انفرادی کوششوں کا تذکرہ ہے اور اس کی مکمل فہرست دی گئی ہے۔ پھر آخر میں شمس العلما منشی محمد ذکاء اللہ کی سائنسی کتابوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ گویا سائنسی ادب کی مکمل تاریخ از اول تا ۱۹۰۰ء تک کتابوں کی فہرست کے ذریعے مرتب کر دی گئی ہے۔ جس کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ اُردو میں سائنسی ادب کا رجحان کس قدر قبل سے موجود ہے اور آج کی نسل اس سے بالکل ناواقف ہے۔ یہ فہرست اُردو دانوں کی احساسِ کمتری کو دور کرنے میں بھی مدد کرے گی اور جدید دور میں سائنسی علوم کی تعلیم اُردو میڈیم کے ذریعے ممکن بنانے میں مایوس افراد کو حوصلہ فراہم کرے گی۔ اس لیے کہ اُردو میں اصطلاحات بہت پہلے سے ہی موجود ہیں صرف ان کی تجدید کی ضرورت ہے۔ تا کہ عہدِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو سکے۔

اس ضمن میں دوسری کتاب ''اُردو میں سائنسی ادب کا اشاریہ'' ابواللیث صدیقی (۱۹۸۱ء) کی ہے۔ میں یہاں اس کتاب میں مندرج موضوعات کی فہرست دے رہا ہوں جن پر اُردو میں کتابیں موجود ہیں جو اس اشاریہ میں شامل ہیں۔

ہندوستان میں موضوعاتی اشاریے انگریزی میں مشہور لائبریرین گرجا کمار (جو J.N.U کے لائبریرین تھے) نے شروع کیا تھا جو سماجی علوم پر ہر سال ایک جلد مرتب کر دیتے ہیں۔ انگریزی کا ایک بہت اچھا رسالہ ''انڈکس آف اسلامک لٹریچر'' مسلسل انڈکس کا کام کر رہا ہے اور یہ مسلم ورلڈ بک ریویو کا ضمیمہ ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی انصاری لائبریری کے لائبریرین شہاب الدین انصاری نے اپنے وقت میں انگریزی رسائل کے اشاریے کا سلسلہ شروع کیا تھا جو

اسلام اینڈ موڈرن ایج میں چھپتا رہا ہے۔

جہاں تک اُردو کا تعلق ہے یہ ایک تحقیق طلب معاملہ ہے۔ فی الوقت پورے وثوق کے ساتھ یہ کہنا مشکل ہے کہ اُردو میں اس کام کا آغاز کس نے کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ اُردو کے شائع شدہ اشاریے جو کتابی صورت میں دستیاب ہیں ان کی عمر پندرہ سولہ سال سے زیادہ نہیں۔ ویسے اس سے قبل کچھ اشاریے مختلف رسائل میں شائع ہوئے ہیں۔ جن میں کچھ تو دستیاب ہیں اور کچھ رسائل کی فائلوں میں دبے پڑے ہیں۔ جن تک رسائی ابھی ممکن نہیں ہو سکی ہے۔ جب کبھی ان سب کو اکٹھا کیا جائے گا تو یہ مسئلہ خود بہ خود حل ہو جائے گا کہ اُردو میں اس سلسلے کا آغاز سب سے پہلے کس نے کیا تھا۔ اب تک جن رسائل کے اشاریے تیار ہوئے ہیں اور کتابی صورت میں یا مختلف رسائل میں شائع ہو چکے ہیں وہ درج ذیل ہیں:

ہندوستان میں اداروں کے ذریعے شائع اشاریے

۱۔ بہارستان	ہماری زبان میں شائع ہوا	
۲۔ دکن ریویو	اُردو ادب میں	
۳۔ الندوہ	ادیب شبلی نمبر	
۴۔ معارف	برہان علوم اسلامیہ کی انسائیکلوپیڈیا کے نام سے	
۵۔ برہان	//	//
۶۔ سہ ماہی تحریر	اُردو ادب میں ۱۹۸۹ء	عطا خورشید
۷۔ نگار (وضاحتی اشاریہ)	خدا بخش لائبریری، پٹنہ	عطا خورشید
۸۔ معارف	اُردو ادب	
۹۔ صلائے عام		
۱۰۔ اودھ پنچ		

۱۱۔ معلومات

۱۲۔ ادیب فیروز آباد

۱۳۔ مجلّہ عثمانیہ

۱۴۔ اشاریہ آجکل	دہلی	اُردو اکادمی، مرتبہ جمیل اختر
۱۵۔ نیا دور	لکھنؤ	اطہر مسعود
۱۶۔ زبان وادب	پٹنہ	محسن رضا رضوی
۱۷۔ یوجنا اُردو	دہلی	عارف اقبال
۱۸۔ قوس	حمزہ پور	عطا عابدی
۱۹۔ ایوان اُردو	//	فاروقی انصاری
۲۰۔ غالب نامہ	ایوانِ غالب	//
۲۱۔ تہذیب الاخلاق	آزاد لائبریری علی گڑھ، ڈاکٹر ضیا الدین انصاری،	
۲۲۔ ایوانِ اُردو	دہلی	فاروق انصاری

خدا بخش لائبریری پٹنہ

۱۔ ماہنامہ ادیب	مدیر نوبت رائے نظر
۲۔ // العصر	// پیارے لال شاکر
۳۔ // صبح امید	// چکبست
۴۔ // معیار	قاضی عبدالودود
۵۔ // زبان	خوشتر منگرولی
۶۔ سہ ماہی عصری ادب	عطا خورشید (معیار وتحقیق میں شائع ہوا)
۷۔ ہفت روزہ پیغام	مولانا ابوالکلام آزاد

۸۔ ماہنامہ جامعہ (خدابخش جرنل)

۹۔ سہ ماہی سوغات // //

۱۰۔ معاصر ڈاکٹر محمد نورالاسلام ۲۰۰۲ء

ان اشاریوں میں زیادہ تر مہینے وار مشتملات کونقل کر دیا ہے جو تحقیقی اور سائنسی دونوں ہی نقطۂ نگاہ سے درست نہیں ہے۔ اشاریہ آج کل کو چھوڑ کر بقیہ تمام اشاریے نہایت ہی غیر سائنٹفک ہیں۔ اشاریہ آج کل کو درج بالا تمام اشاریوں سے زیادہ سائنٹفک اور مفید بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اشاریہ آج کل کی ترتیب عنوان کے لحاظ سے حروف تہجی کے تحت کی گئی ہے اور تمام اصناف کو اسی ترتیب کے تحت الگ الگ سرخیوں کے ساتھ دیا گیا ہے۔ صرف اداریے میں سال بہ سال کی ترتیب برقرار رکھی گئی ہے۔ تبصرے بھی حروف تہجی کے تحت دیے گئے ہیں۔ یہ اشاریہ اس نوع کا کام کرنے والے افراد کے لیے ایک نمونہ ہے۔ تہذیب الاخلاق کا اشاریہ بھی عمدہ ہے۔ اس کی ترتیب عنوانات اور مصنف دونوں طریقوں سے کی گئی ہے اور دونوں ہی صورتوں میں الفبائی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے۔

ایوان اُردو اور غالب نامہ کا اشاریہ وضاحتی اشاریہ ہے اور اس کی ترتیب موضوعاتی ہونے کے باوجود نہایت ہی غیر سائنٹفک ہے۔ موضوعاتی ترتیب میں مصنف وار ترتیب کا انداز ناگوار لگتا ہے۔ دوسرے تحقیقی نقطۂ نگاہ سے وضاحتی اشاریوں کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہے۔ اس لیے کہ مواد کی تلاش کرنے والے محقق کا اپنا نقطۂ نظر ہوتا ہے۔ مرتب اشاریہ کے نقطۂ نظر سے متاثر یا غیر متاثر ہو کر اپنا مواد تلاش نہیں کرے گا۔ علاوہ ازیں کئی صفحوں کے مضمون کا نچوڑ چند جملوں میں مجمل ہی ہوگا بہت بامعنی مفہوم نہیں دے گا۔ اس سے بسا اوقات محقق کے گمراہ ہونے کا بھی خطرہ ہے۔

خدابخش لائبریری پٹنہ نے جو اشاریے تیار کرائے ہیں وہ زیادہ تر موضوعاتی ہیں۔ یہ تحقیق کی ضرورت کے لحاظ سے زیادہ مفید ہیں لیکن ان کے بھی زیادہ تر اشاریے ان کے اپنے جرنل معیار و تحقیق اور خدابخش جرنل میں شائع ہوئے ہیں۔ جو تقریباً زیادہ تر لائبریری میں دستیاب

تو ضرور ہوں گے لیکن لوگوں کو اس کی واقفیت نہ ہونے کی وجہ سے عمومی افادیت کے حامل نہیں ہو سکیں گے۔ اگر یہ الگ سے کتابی صورت میں شائع ہوتے تو شاید زیادہ مفید ہو سکتے۔ دوسرے ان کی ترتیب میں حسن ترتیب نہ ہونے کی وجہ سے بھی تلاش میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔ مضامین کے سامنے صرف شمارہ نمبر لکھا گیا ہے۔ صرف شمارہ نمبر کا اندراج کافی نہیں ہے۔ ماہ وسال اور صفحہ نمبر کا اندراج بھی ضروری ہے۔ جس کا التزام اس میں نہیں دیا گیا ہے۔ اس لیے اسے مکمل طور پر سائنٹفک نہیں کہا جا سکتا۔ اشاریہ آج کل کے طرز پر اس کی ترتیب اُسے مکمل سائنٹفک بنا سکتی ہے اور تحقیقی نقطۂ نظر سے زیادہ کارآمد اور مفید بھی۔ اشاریہ آج کل کی دوسری جلد بہ اعتبار موضوع اور بہ اعتبار مصنف ہے۔ یہ کتاب اُردو اشاریہ سازی میں رہنما کا کام کرے گی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اشاریہ کی ترتیب صرف اور صرف اس طریقے سے کی جائے تب ہی ہم محقق کی ضرورت کو پورا کرنے کے اہل ہو سکیں گے اور اس طرح کے کام کا خاطر خواہ فائدہ ہو سکے گا۔ کسی دوسرے طریقے سے کی گئی ترتیب میں سوائے وقت کے زیاں کے کوئی فائدہ نہیں اور پھر اس طرح کے کارلاحاصل کرنے کا فائدہ کیا ہے۔ کام تو کسی اصول وضابطے کے اندر ہو تو بہتر ہو گا۔

یہ تو ہندوستان میں شائع شدہ اشاریوں کی صورت حال کا عمومی جائزہ ہے۔ ہندوستان کی طرح پاکستان میں بھی رسائل کی اشاریہ سازی ہوئی ہے۔ بلکہ ہندوستان سے زیادہ توجہ اس طرف پاکستان میں دی گئی ہے اور زیادہ بہتر اشاریے بھی وہیں تیار ہوئے ہیں۔ اب تک درج ذیل رسائل کے اشاریے تیار ہو کر شائع ہو چکے ہیں۔

پاکستان میں اداروں کے ذریعے تیار کردہ اشاریے جو شائع ہو چکے ہیں:

۱۔ اشاریہ اُردو (مصنف وار)	سید سرفراز علی رضوی	انجمن ترقی اُردو پاکستان
۲۔ روزنامہ زمین دار اور تحریک آزادی	احمد سعید	مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد
۳۔ فکرونظر (تفصیلی اشاریہ)	احمد خان	ادارۂ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد

۴۔ سب رَس کراچی — اشاریہ نمبر (۸۹-۷۷) جون تا ستمبر ۱۹۹۰ء

۵۔ ماہ نور کراچی — استقلال نمبر (۶۸-۴۸) اگست ۱۹۶۹ء

۶۔ اشاریہ ترجمان القرآن — ادارۂ معارفِ اسلامی لاہور

۷۔ سہ ماہی تاریخ وسیاست — انجمن ترقی اُردو پاکستان

۸۔ سیارہ لاہور — اشاریہ نمبر جنوری ۸۸ (شمارہ ۱ تا ۲۵)

۹۔ نقوش لاہور — محمد طفیل نمبر جلد دوم

۱۰۔ راوی (دو حصوں میں) — بدر منیر اور خورشید احمد

۱۱۔ ہمایوں، اورینٹل کالج میگزین — نسرین اختر (۵۸-۱۹۲۲ء)

۱۲۔ معارف — برہان نومبر ۱۹۶۶ء

۱۳۔ مجلّہ عثمانیہ — حیدر آباد پاکستان

۱۴۔ برہان — جون تا اگست ۱۹۶۶ء

۱۵۔ اشاریہ نوائے وقت — (۴۷-۴۴) سرفراز حسین۔ پاکستان اسٹڈی سنٹر پنجاب یونیورسٹی

۱۶۔ اُردو — مصباح العثمان — انجمن ترقی اُردو پاکستان ۲۰۰۲ء

۱۷۔ ہمایوں — ڈاکٹر نسرین اختر، اورینٹل کالج میگزین جامعہ پنجاب ۱۹۵۰ء

۱۸۔ اشاریہ اخبارِ اُردو — محمد اشرف کمال — مقتدرہ قومی زبان ۲۰۱۰ء

ان اشاریوں میں اشاریہ اُردو کی ترتیب بہ لحاظ مصنف ہے اور ہر مصنف کی تخلیقات کی ترتیب میں حروف تہجی کا خیال رکھا گیا ہے۔ یہ اشاریہ اپنی ترتیب کے لحاظ سے سائنٹفک ہے۔ روز نامہ ''زمیندار اور تحریکِ آزادی'' یہ اشاریہ توضیحی ہے لیکن بہ اعتبار موضوع ہے۔ یہ کسی بھی روز نامہ کا پہلا اشاریہ ہے۔ جو ترتیب کے لحاظ سے بھی معیاری ہے اور تحریکِ آزادی کے تعلق سے تمام مواد ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے۔ اس سے تحریکِ آزادی میں ''زمیندار'' کی خدمات کا بھی پتہ چلتا ہے۔ روز نامے کا دوسرا اشاریہ ''نوائے وقت'' کا ہے اور یہ بھی خاص موضوع کو مدنظر رکھ کر

ترتیب دیا گیا ہے۔ اس کا موضوع ''سیاسیات ہند اور مسلمانوں کی جدوجہدِ آزادی'' اور اس تعلق سے تمام مواد کو مختلف موضوعات کے تحت بہت سلیقے سے جمع کیا گیا ہے۔ اس کو دیکھ کر ہندوستان کی سیاست میں مسلمانوں کے رول اور پھر جدوجہدِ آزادی میں ان کے نمایاں ترین کردار کا پتہ چلتا ہے۔ جسے موجودہ صدی میں فراموش کرنے کی ایک سوچی سمجھی سازش کی جا رہی ہے۔ ایسے تمام افراد کے لیے یہ اشاریہ ایک آئینہ ہے۔

اشاریہ کی ترتیب سائنٹفک ہے اور تحقیقی نقطۂ نظر سے بھی درست ہے۔ راوی کا اشاریہ ترتیب کے لحاظ سے غیر سائنٹفک ہے۔ مصنف کی ترتیب حروفِ تہجی کے لحاظ سے تو ہے لیکن اندراجات میں مہینہ وار مشتملات کو نقل کر دیا گیا ہے۔ اس کی ترتیب میں حروفِ تہجی کا خیال نہیں رکھا گیا ہے۔ سیارہ کا جو اشاریہ شائع ہوا ہے وہ شمارہ ایک تا پچیس پر مشتمل ہے اور اس کی ترتیب عنوانات کے لحاظ سے کی گئی ہے۔ لیکن حروفِ تہجی کی ترتیب کا التزام برتا گیا ہے۔ نقوش کا اشاریہ شمارہ ایک تا ۱۳۳ (مارچ ۴۳ تا ستمبر ۸۶) پر محیط ہے۔ ترتیب اصناف کے لحاظ سے مصنف وار کی گئی ہے اور الفبائی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے۔ متن میں بھی اور مصنف کے نیچے دیے گئے اندراجات میں بھی۔ فکر ونظر کا اشاریہ تفصیلی ہے اور ترتیب بہ لحاظ موضوع اور بہ لحاظ مصنف دونوں طرح سے کی گئی ہے اور ہر طرح میں الفبائی ترتیب کا خیال رکھا گیا ہے۔ یہ اشاریہ ہر لحاظ سے سائنٹفک ہے اور اب تک موجود تمام اشاریوں میں سب سے عمدہ ہے۔ اتنا کہ رسائل کی اشاریہ سازی کے سلسلے میں اس سے مدد اور رہنمائی بھی حاصل کی جا سکتی ہے اور اسے خوب سے خوب تر بنانے کے کے سلسلے میں مزید فکر کی ضرورت ہے اور یکسانیت پیدا کرنے کے لیے کچھ اصول بندی بھی ضروری ہے۔ تب ہی اس کی افادیت میں ہم کئی گنا اضافہ کر سکتے ہیں اور استفادہ کرنے والوں کو ہم مزید سہولت بہم پہنچا سکتے ہیں۔

دوسرے وہ تمام اشاریے جو مختلف رسائل میں شائع ہوئے ہیں اُنھیں بھی کتابی صورت میں شائع کرنے کی ضرورت ہے۔ تب ہی اس کے استفادہ عام کی صورت پیدا ہو سکتی ہے

ورنہ رسائل کی فائل میں دبے رہنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا اور نہ لوگوں کو اس بات کا علم ہی ہے کہ کن کن رسائل کے اشاریے تیار ہو گئے ہیں اور کس رسالے میں چھپے ہیں۔ یہی تلاش ایک مشکل معاملہ ہوگا۔ اس لیے اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ ان تمام اشاریوں کو رسائل کی فائل سے نکال کر کتابی صورت میں شائع کیا جائے تاکہ عام استفادے کی صورت پیدا ہو سکے اور محقق کو ان رسائل کی حد تک تو سہولت فراہم ہو جائے۔

ادھر ہندوستان کی مختلف یونیورسٹیوں میں بھی اس طرف خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے اور بہت سے رسائل کے اشاریے بنوائے گئے ہیں لیکن ان اشاریوں کی تحقیقی نقطۂ نظر سے کوئی خاص اہمیت نہیں ہے۔ اس لیے کہ یہ سارے اشاریے نہایت ہی غیر سائنٹفک اور غیر معیاری ہیں ان میں سے زیادہ تر مہینے وار مشتملات کو نقل کر دیا گیا۔ کچھ توضیحی اور کچھ وضاحتی بنائے گئے ہیں۔ کسی میں بھی کسی خاص اصول کو اپنایا نہیں گیا ہے بلکہ سبھوں نے اپنے اپنے طور پر اشاریے تیار کیے ہیں۔ ان اشاریوں کے بارے میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ یہ تضیع اوقات سے زیادہ اور کچھ نہیں ہے۔ بھلے ان اشاریوں کے تیار کرنے والوں کو ان کی محنت کے عوض ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ڈگری تفویض کر دی گئی ہے لیکن محقق کے لیے یہ کچھ زیادہ مفید نہیں ہیں۔ سبھوں میں کچھ نہ کچھ خامیاں موجود ہیں۔ کوئی بھی اشاریہ ایسا نہیں ہے جو کسی بھی رسالے کے مکمل مندرجات پر مشتمل ہو اور جسے دیکھ کر کسی بھی رسالے کے مزاج و معیار کی مکمل عکاسی ہو سکے۔

اب تک ہند و پاک کی یونیورسٹیوں میں جن رسائل کے اشاریے تیار ہوئے ہیں ان کی فہرست درج ذیل ہے:

علی گڑھ مسلم یونیورسٹی

معاصر توضیحی اشاریہ	نور الاسلام	۱۹۹۰ء
علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا توضیحی اشاریہ معہ مقدمہ	محمد طاہر	۱۹۹۵ء

آج کل کا توضیحی اشاریہ (اول تا ۵۰)	محمد نعمت	۱۹۹۰ء
اُردو میں فکشن کی تنقید کا اشاریہ	نکہت آرا	۱۹۹۰ء
موقر ادبی رسائل کے حوالے سے ۱۹۸۰ء-۱۹۶۰ء		
تہذیب الاخلاق کا توضیحی اشاریہ مع	فرح تبسم	۱۹۹۷ء
مقدمہ۱۹۸۴ئتا۱۹۷۹ء		
الناظر کا توضیحی اشاریہ مع مقدمہ	تسنیم اللہ	۱۹۸۷ء
اُردو میں فکشن کی تنقید کا اشاریہ۱۹۴۵ء تا ۱۹۶۰ء	ظفر امام	۱۹۹۰ء
اُردوئے معلی کا توضیحی اشاریہ	عاقل خاں	۱۹۸۸ء
الہلال اور البلاغ کا توضیحی اشاریہ۔ مع مقدمہ	سید عامر علی	۱۹۸۹ء
ساقی کا توضیحی اشاریہ۔ (۱۹۴۰ء-۱۹۳۰ء)	زینت نہال	۱۹۹۲ء
علی گڑھ میگزین کا توضیحی اشاریہ۔ مع مقدمہ (۱۹۶۰ء-۱۹۲۰ء)	سلطان احمد	۱۹۹۲ء
علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ کا توضیحی اشاریہ (۱۸۸۶ء-۱۸۹۰ء)	شگفتہ بیگم	۱۹۹۲ء
ہمایوں۔ مقدمہ (ابتدا۔۱۹۴۷ء)	شگفتہ جبیں	۱۹۹۲ء
معارف۔۔۔(۱۹۷۲ء-۱۹۴۷ء)	شمیمہ خاتون	۱۹۹۲ء
مخزن کا توضیحی اشاریہ	جاوید اختر	۱۹۹۰ء
تہذیب الاخلاق (دورِ اول ۱۸۷۰ء-۱۸۷۶ء)	آفتاب عالم	۱۹۹۱ء
شاہراہ کا توضیحی اشاریہ	پروین جہاں	۱۹۹۰ء

دِلّی یونیورسٹی

۱۔ سہ ماہی دل گداز

بنارس ہندو یونی ورسٹی

ماہنامہ الناظر	محمد یونس	

گورکھپور یونیورسٹی

نگار(۴۴-۲۲)مقالہ(ایم۔اے)	خالدعباسی
نگار(۵۷-۴۵)	سعیدحفیظ

پاکستان میں درج ذیل رسائل کے اشاریے تیار ہوئے:

۱۔اورینٹل کالج میگزین(۸۵-۲۵)(وضاحتی)مرتبہ		سنجیدہ احمد	۱۹۸۹ء
۲۔راوی(قیام پاکستان تک)(توضیحی اشاریہ) //		بدرمنیرالدین	۱۹۸۷ء
۳۔راوی(قیامِ پاکستان تا حال)		خواجہ خورشید احمد	۱۹۸۷ء
۴۔رسالہ اُردوئے معلّٰی			
۵۔اشاریہ اُردو(۸۸-۲۶)			
۶۔اوراق(۷۵-۲۶)	(توضیحی)	رخسانہ نور	۱۹۸۷ء
۷۔سیارہ(۷۲-۲۶)وضاحتی		رضیہ سلطانہ	۱۹۸۷ء
۸۔رسالہ جامعہ دہلی(۴۷۔۳۷)تلخیص		پروین اختر	۱۹۶۵ء
۹۔سہ ماہی اقبال	(وضاحتی)	زریں اختر زیدی	۱۹۸۷ء
۱۰۔رسالہ ہندوستانی	//	طاہرانورملک	۱۹۶۵ء
۱۱۔صحیفہ(۴۰-۲۱)	//	سلمٰی حمید	۱۹۷۳ء
۱۲۔صحیفہ(۶۰-۴۱)	//	شاہدہ نسیم	۱۹۷۳ء
۱۳۔برہان	//	جاویداحمد خاں	۱۹۶۶ء
۱۴۔برہان	//	محمد امین سرور	۱۹۶۵ء
۱۵۔معارف	//	فریدہ لطیف	۱۹۵۷ء
۱۶۔مجلّہ اقبال(۸۹-۴۷)	//	خیرالنساء	۱۹۸۹ء

۱۷۔ نیا دور (۱ تا ۵۷)	//	ادیب زہرا کاظمی	
۱۸۔ رسالہ خیال	//	زاہدہ نزہت	۱۹۶۷ء
۱۹۔ صدق جدید لکھنؤ (۶۰-۵۰)	//	فردوس اختر	۱۹۸۷ء
۲۰۔ ہمایوں (۵۷-۲۲)	//	شائستہ عظمت	۱۹۶۵ء
۲۱۔ ادبی دنیا لاہور (۶۷-۲۹)	//	رشیدہ خاتون۔نسرین	۱۹۶۶ء
۲۲۔ اُردوئے معلّٰی علی گڑھ (تلخیص فہرست مضامین)		افروز مہر	۱۹۷۰ء
۲۳۔ مجلّہ اقبال ریویو (۶۷-۶۰)	//	ناہید طلعت	۱۹۶۷ء
۲۴۔ نقوش (۷۱-۴۷)	//	امتیاز بی بی	۱۹۷۱ء
۲۵۔ سویرا	//	دل شاد بانو	۱۹۷۱ء
۲۶۔ نقوش میں ذخیرۂ اقبالیات (توضیحی)		زاہدہ تبسم	۱۹۸۷ء
۲۷۔ اقبال ریویو (۸۶-۶۷) (وضاحتی)		شکیلہ علوی	۱۹۸۷ء
۲۸۔ معارف (۶۶-۱۹۱۶) (وضاحتی)		شمیم اختر۔یاسمین اختر	۱۹۶۶ء
۲۹۔ سہ ماہی اقبال (۷۴-۶۸)	//	منیر برلاس	
۳۰۔ اورینٹل کالج میگزین (۶۴-۴۵)			
۳۱۔ انیسویں صدی کے ادبی رسائل			
۳۲۔ پاکستانی رسائل بہ سلسلہ غالب صدی			

شخصی اور دوسرے اشاریے

۱۔ میر، سودا اور درد	مرتبہ سعادت نظیر	۱۹۷۳ء
۲۔ اشاریہ خطوط غالب (مولانا غلام رسول مہر)	ساجدہ پروین	۱۹۸۷ء
۳۔ اشاریہ شبلی و حالی	مسرت افزا	۱۹۷۳ء

۴۔فہرست مخطوطات اُردو شاعری پنجاب یونیورسٹی	محمد افضل ملک	۱۹۶۳ء
۵۔فہرست مقالات (ایم۔اے)(۷۰-۶۳)	کوکب عطیہ	۱۹۷۴ء
۶۔وضاحتی فہرست مقالات اُردو، فارسی، عربی		

جامعات ہندو پاک کی اس فہرست کو دیکھ کر یہ بات تو واضح ہو جاتی ہے کہ پاکستان میں لوگ اس معاملے کی اہمیت وافادیت کو زیادہ شدت سے محسوس کر رہے ہیں اور ہندوستان کی جامعات میں ابھی بھی اس طرف خاطر خواہ توجہ نہیں دی جارہی ہے۔ دوسرے اس فہرست سے یہ بات بھی مکمل طور پر واضح ہو جاتی ہے کہ جامعات ہندو پاک میں رسائل کی اشاریہ سازی کے اصول ایک ہی ہیں۔ دونوں ہی ملکوں کی جامعات میں توضیحی اور وضاحتی اشاریے ہی سازی کے اصول ایک ہی ہیں۔ دونوں ہی ملکوں کی جامعات میں توضیحی اور وضاحتی اشاریے ہی بنوائے گئے ہیں اور ان اشاریوں پر ایم اے اور ایم فل کی ڈگری تفویض کی گئی ہے۔ پاکستان جامعات میں تیار کرائے گئے چند اشاریے زیور طبع سے آراستہ ہو کر استفادہ عام کے لیے بازار میں دستیاب ہیں۔ جیسے اشاریہ اُردو، سیارہ، نقوش، فکر ونظر، ماہ نو، راوی، برہان، معارف، اورینٹل میگزین وغیرہ لیکن ہندوستانی جامعات میں تیار کرائے گئے دو تین اشاریے ہی ہنوز شائع ہو سکے ہیں۔

(۲)

